انیقہ اور مناہل نام رکھنا کیسا ہے؟

مجیب: محمد عرفان مدنی عطاری

فتوی نمبر: WAT-1673

تاریخ اجراء: 03ذوالقعدۃالحرام1444ھ/24مئی2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

انیقہ اور مناہل نام میں سے کون سا نام بہتر ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

انیقہ کا ایک معنی ہے: ”خوبصورت باغ“ (مصباح اللغات، صفحہ 46، لاہور)

اور فیروز اللغات میں انیقہ کے معانی ہیں: "خوش آئند، خوب، نادر وغیرہ۔" (فیروز اللغات، ص134، لاہور)

ایک قول کے مطابق حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالی عنہا کی والدہ ماجدہ، صحابیہ، حضرت ام سلیم انصاریہ رضی اللہ تعالی عنہا کا نام ہے۔

نخب الافکار میں علامہ بدر الدین عینی علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں: "وأم سليم بنت ملحان الأنصارية، أم أنس بن مالك، وفي اسمها أقوال: سهلة، ورميلة، ورميثة وأنيقة؛ ومليكة، وغير ذلك." (نخب الافکار، ج10، ص126، قطر)

اور مناہل کا معنی ہے: ”راستہ میں پانی پینے کی جگہ، پانی کا گھاٹ، چشمہ آب“۔ (قاموس الوحید، صفحہ1718) (المنجد، ص944، خزینہ علم وادب، لاہور)

معنی کے اعتبار سے یہ دونوں نام درست ہیں۔ ان میں زیادہ بہتر "انیقہ" نام ہے کیونکہ یہ ایک قول کے مطابق صحابیہ کا نام ہے بہتر ہے کہ بچیوں کا نام نیک خواتین میں سے کسی کے نام پر رکھا جائے کہ نیکوں کے نام پر نام رکھنے کی حدیث پاک میں ترغیب دلائی گئی ہے اور امید ہے کہ اس سے نیکوں کی برکات بچی کو ملیں گی۔ حدیث مبارک میں نبی اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: " تسموا بخیارکم "یعنی اپنے اچھوں کے نام پر نام رکھو۔

نوٹ: اچھے ناموں کے متعلق معلومات کے لئے مکتبۃ المدینہ سے شائع کردہ رسالہ **"نام رکھنے کے احکام"** کا مطالعہ کریں، اس میں اچھے نام بھی موجود ہیں۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net